شاعر کا تعارف

ولادت:

1940ء
کے لگ بھگ
بمقام دلی

وفات:

1830ء

نظیر اکبر آبادی کا اصل نام ولی محمد تھا اور نظیر تخلص کرتے تھے۔ 1740ء کے لگ بھگ دلی میں پیدا ہوئے کچھ عرصہ بعد آگرہ آگئے۔ نظیر بے حد خوش دل وخوش مزاج تھے۔ انسانی زندگی اور معاشرت کے ہر پہلو پر ان کی نگاہ تھی۔ مفلسی، خوشامد، عید، شب برات، ہولی، دیوالی، گرمی، بسنت، برسات وغیرہ ہر موضوع پر انہوں نے نظمیں لکھیں جو بہت مقبول ہوئیں۔ بچوں کے لئے بھی نظیر نے اچھی اچھی نظمیں لکھیں۔ انہوں نے زندگی کو اصلی رنگ میں دیکھا اور اس کی خوبیاں اور خرابیاں بیان کردیں۔ آخری زمانے میں مزاج میں قلندری آگئی تھی، انہوں نے کبھی کسی بادشاہ یا امیر کی تعریف میں شعر نہیں کہے۔ قناعت پسند طبعیت تھی، وہ اپنے گردو پیش کے مناظر کو سادگی کے ساتھ پیش کردیتے تھے۔ ان کی زبان بھی عوام کے لئے آسانی سے سمجھ میں آنے والی ہوتی تھی۔ اس لیے ان کی ناصحانہ نظمیں فقیر اور درویش گلی گلی گاتے پھرتے تھے۔ 1830ء میں ان کا انتقال ہوا۔